سجدہ تلاوت کے لیے وضو ضروری ہے

مجیب: ابو حفص مولانا محمد عرفان عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2159

تاریخ اجراء: 22 ربیع الثانی 1445ھ/07 نومبر 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اگر آیتِ سجدہ سننے سے سجدہ تلاوت لازم ہو، تو کیا اس کی ادائیگی کے لیے وضو کا ہونا لازم ہے؟ اگر بغیر وضو کے سجدہ تلاوت کر لیں تو کیا ادا ہو جائے گا؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

سجدہ تلاوت چاہے آیتِ سجدہ کی قراءت کرنے سے لازم ہوا ہو، یا آیتِ سجدہ سننے سے لازم ہوا ہو، بہر صورت اُس کی ادائیگی کیلئے وضو ہونا شرط ہے، کیونکہ سجدہ تلاوت کی ادائیگی کیلئے سوائے تکبیر تحریمہ کے اُن تمام شرائط کا پایا جانا ضروری ہے، جن شرائط کا نماز کے لیے پایا جانا ضروری ہوتا ہے، لہذا جس طرح نماز کیلئے وضو ضروری ہوتا ہے، اسی طرح سجدہ تلاوت کیلئے بھی وضو ضروری ہوگا، اور بغیر وضو کے سجدہ تلاوت ہرگز ادا نہیں ہوگا۔

بدائع الصنائع میں ہے "وأما شرائط الجواز فكل ما هو شرط جواز الصلاة من طهارة الحدث وهي الوضوء والغسل، وطهارة النجس وهي طهارة البدن والثوب ومكان السجود والقيام والقعود فهو شرط جواز السجدة؛ لأنها جزء من أجزاء الصلاة فكانت معتبرة بسجدات الصلاة" ترجمہ: بہر حال سجدہ تلاوت کے درست ہونے کی شرائط، تو ہر وہ چیز جو نماز کے درست ہونے کی شرط ہے، وہ سجدہ تلاوت کے درست ہونے کی شرط ہے۔ یعنی حدث سے پاک ہونا اور وہ وضو اور غسل ہے اور نجاست سے پاک ہونا اور وہ بدن اور کپڑوں کا اور سجدے، قیام اور قعدہ کرنے کی جگہ کا پاک ہونا ہے۔ اور یہ اس لئے ہے کیونکہ سجدہ تلاوت اجزائے نماز میں سے ایک جزء ہے لہذا سجدہ تلاوت کا نماز کے سجدوں پر قیاس کیا جائے گا۔ (بدائع الصنائع، فصل فی سجدۃ التلاوۃ، جلد 1، صفحہ 742-743، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

فتاوی عالمگیری میں ہے:"وشرائط ھذہ السجدة شرائط الصلاة خلا التحریمة"ترجمہ:اور اس سجدہ (یعنی سجدہ تلاوت) کی شرائط وہی ہیں جو نماز کی شرائط ہیں، سوائے تحریمہ کے۔(الفتاوی الھندیة، باب سجود التلاوۃ، جلد1، صفحہ149، دارالکتب العلمیہ، بیروت)

بہار شریعت میں ہے:"سجدۂ تلاوت کے لیے تحریمہ کے سوا تمام وہ شرائط ہیں جو نماز کے لیے ہیں مثلاً طہارت، استقبال قبلہ، نیت، وقت اس معنی پر کہ آگے آتا ہے، ستر عورت، لہٰذا اگر پانی پر قادر ہے تیمم کر کے سجدہ کرنا جائز نہیں۔"(بہار شریعت، جلد1، حصہ4، صفحہ731، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net